DAY:

## سوال نمبر 1

**اسلام کیا ہے؟ اور اس کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟**

## جواب:-

### اسلام

### اسلام کے لغوی معنی:-

اسلام عربی زبان کے لفظ "سلِم" سے ماخوذ کیا گیا ہے جس کے معنی ہیں "امن، سلامتی" اسلام کے لغوی معنی ہیں۔ اطاعت کرنا، امن، مکمل سپردگی۔

### اسلام کے اصطلاحی معنی:-

اسلام کا مطلب ہے کہ اپنے آپ کو اپنی مرضی کے مطابق اللہ کی دی گئی ہوئی ہدایت کے تابع کرنا۔ انسان دل، دماغ اور عمل کے ذریعے اللہ کی خواہشات پر عمل کرے۔ اسلام کہلاتا ہے۔

**ع دل میں خدا کا ہونا لازم ہے اقبال**
**سجدوں میں پڑے رہنے سے جنت نہیں ملتی**

DAY: DATE:

# شریعت کے مطابق اسلام

اسلام ایک الٰہی دین ہے۔ یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اسلام صرف محدود وقت کے لیے نہیں ہے۔ بلکہ یہ ہمیشہ کے لیے ہے۔

## امام غزالی لکھتے ہیں:

"اسلام دو چیزوں کے مجموعے کا نام ہے ایک حقوق اللہ اور دوسرا حقوق العباد"

## ڈاکٹر حمید اللہ کے مطابق اسلام

"اسلام ایک توحید پرست دین ہے۔ جو آپ پر نازل کیا گیا۔"

اسلام میں تمام انسانیت کے لیے راہنمائی موجود ہے۔

**ان الدین عند اللہ الاسلام ۝**

**ترجمہ:**

"بے شک اللہ کے نزدیک دین اسلام ہے۔"

**(آل عمران: ۹۹)**


اسلام اور ایمان کا آپس میں گہرا تعلق

DATE:

DAY:


ہے۔ جیسے جسم اور روح کا۔ جسم اور روح بھی ایک دوسرے کے بغیر مکمل نہیں۔ اسی طرح اسلام اور ایمان بھی ایک دوسرے کے بغیر مکمل نہیں۔

**ایمان دل سے یقین کرنے کا نام ہے۔ اور اسلام اس یقین کا عملی نام ہے۔**




**حدیث جبرئیل میں ہے:**

اسلام پانچ چیزوں کے مجموعے کا نام ہے جنہیں ارکان اسلام کہا جاتا ہے۔



DAY: ______ DATE: ______

# اسلام کی نمایاں خصوصیات

1۔ توحید اسلام کی بنیاد۔ 2۔ عقیدہ رسالت
3۔ اسلام میں انسانیت کا مقام
4۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات
5۔ اسلام ایک عالمگیر مذہب
6۔ اخلاقی تعلیمات۔ 7۔ اسلام میں عورت کا مقام
8۔ ثبات اور تغیر 9۔ دین اور دنیا میں وحدت
10۔ آسان اور سادگی۔ 11۔ مکمل توازن
12۔ فرد اور معاشرے میں مضبوط ربط
13۔ عدل اور مساوات۔ 14۔ اسلام میں نظام تعلیم

## 1۔ توحید اسلام کی بنیاد

کلمہ شہادت کا پہلا حصہ توحید ہے۔ اور مسلمانوں کا سارا عقیدہ توحید کے گرد گھومتا ہے۔

علامہ شبلی نعمانی اپنی کتاب "سیرت النبیؐ" میں کہتے ہیں:

"اسلام ایک مضبوط قلعے کی مانند ہے۔ جو اس قلعے میں داخل ہو گیا۔ وہ امن میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور جو اس سے باہر ہے وہ گمراہی کا شکار ہو جاتا ہے۔"

قرآن میں ارشاد ہے:

قل ھو اللہ احد

DAY: ____________ DATE: ____________

**اللہ الصمد ۝ لم یلد ولم یولد ۝ ولم یکن لہ کفواً احد ۝**

**ترجمہ:**

آپ فرما دیجئے اللہ ایک ہے۔
اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔

**(112:1-4)**

**ڈاکٹر آرتھر کیتھ کہتے ہیں:**

"خواہ عامی ہو یا سائنسدان،
کائنات کے لیے ایک
اعلیٰ حاکم کو ماننا پڑے گا۔"

علامہ شبلی نعمانی "سیرت النبی" میں لکھتے ہیں کہ اسلام کی تعلیم کی بنیاد توحید پر ہے اور اس کا پہلا سبق جو آپ نے دنیا کو دیا ہے وہ یہ ہے کہ اللہ ایک ہے اور وہی عبادت کے لائق ہے۔"

**ے توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارے**
**آساں نہیں مٹانا، نام و نشاں ہمارا**

**2۔ عقیدہ رسالت:**

کلمہ کا دوسرا حصہ عقیدہ رسالت ہے۔ آپ کی زندگی تمام

DAY: DATE:

انسانوں کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپؐ کی زندگی سے ہمیں مکمل راہنمائی ملتی ہے۔

**آپؐ نے فرمایا:**

"جس نے میری اطاعت کی
اس نے اللہ کی اطاعت کی،
جس نے میری نافرمانی کی، اس
نے اللہ کی نافرمانی کی۔"

**کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں**
**یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں**

"بے شک تمہارے لیے رسولؐ کی
ذات ایک بہترین نمونہ ہے۔ اور
ہر شخص کے لیے جو اللہ اور روزِ آخرت
پر یقین رکھتا ہے اور اللہ کو کثرت سے
یاد کرتا ہے۔"

**(33:21)**

• "ہم نے ہر امت میں ایک رسول
بنا کر بھیجا ہے۔"

**(النحل: 36)**

## 3۔ اسلام میں انسانیت کا مقام:

اسلام صرف مسلمانوں کے لیے نہیں ہے۔ بلکہ

DATE:

DAY:

تمام انسانیت کے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر بھیجا ہے۔

"اور جب تمہارے رب نے فرشتوں کو کہا کہ میں زمین پر ایک نائب بنانے والا ہوں"

(2:30)

انسان کو اللہ نے خلیفہ بنا کر بھیجا ہے۔

(التین: 4)

**ے انسان کو انسان سے اگر پیار نہیں**
**انسان ہی کہلانے کا حقدار نہیں**

"جس نے ایک انسان کا قتل کیا۔ اس نے انسانیت کا قتل کیا۔ جس نے ایک انسان کو بچایا۔ اس نے انسانیت کو بچایا۔"

(5:32)

## 4۔ اسلام ایک ضابطہ حیات:-

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اسلام زندگی کے ہر پہلو پر راہنمائی کرتا ہے۔ جیسے **بچے کی پیدائش** کے بعد اس کے کان میں

DAY: ____________ DATE: ____________

اذان دی جاتی ہے۔ اسی طرح کام کرنے کے بارے میں اسلام میں راہنمائی موجود ہے۔ حلال رزق کمانے اور حرام سے بچنے کے لیے اسلام نے ہمیں طریقے بتائے ہیں۔

"اور پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ اور شیطان کے راستے پر نہ چلو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔"

(2:208)

## 5- اسلام ایک عالمگیر مذہب:

اسلام میں سب انسانوں کے لیے راہنمائی موجود ہے۔ یہ صرف خاص فرد یا خاص قوم کے لیے نہیں ہے۔ بلکہ اس میں تمام انسانوں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

## 6- اخلاقی تعلیمات:

اسلام صرف عبادات کا مجموعہ نہیں ہے۔ بلکہ اس میں اخلاقی تعلیمات کا درس بھی ملتا ہے۔

"بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں۔"

DAY: DATE:

## 7- اسلام میں عورت کا مقام:-

اسلام وہ واحد مذہب ہے جس نے عورت کو عزت کا مقام دیا ہے۔ اسلام نے عورت کو ماں، بہن، بیٹی اور بیوی کا درجہ دیا ہے۔

"مردوں کا بھی حصہ ہے جو والدین نے چھوڑا ہے اور عورتوں کا بھی حصہ ہے۔

(النساء: 7)

## 8- ثبات اور تغیر:-

اسلام میں کسی قسم کا ٹھہراؤ نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس میں کسی قسم کی تبدیلی کی ضرورت ہے۔

"اللہ کی باتیں بدلتی نہیں"

(یونس: 64)

"اللہ کی سنت میں کوئی تبدیلی نہیں

(62: 21)

## 9- دین اور دنیا میں وحدت:

اسلام میں ترک دنیا کا کوئی تصور نہیں ہے۔ کچھ مذاہب میں ترک دنیا کا تصور

DAY: DATE:

پایا جاتا ہے۔ لیکن اسلام ان سے بالاتر ہے۔ "جو شخص والدین کے لیے محنت کرتا ہے وہ اللہ کے لیے کام کرتا ہے۔ اور جو شخص اپنے آپ کو غربت سے بچانے کے لیے کام کرتا ہے۔ وہ بھی اللہ کی راہ میں کام کرتا ہے۔

"اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اسلام میں کوئی جبر نہیں ہے"۔

(2:256)

ربنا اتنا فی الدنیا حسنة فی الآخرة حسنة و قنا عذاب النار ہ

ترجمہ :-

"اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا کر۔ اور ہمیں آخرت میں بھی بھلائی عطا کر۔ اور ہمیں آخرت کے عذاب سے بچا لے"۔

(2:201)

## ۱۵- آسان اور سادگی :-

اسلام نہایت آسان اور سادہ ہے۔ اس میں کسی قسم کی کوئی پیچیدگی نہیں ہے اور نہ ہی اس میں کسی قسم کی کوئی لفظی ہے۔ یہ لفظوں سے بالاتر ہے

DATE:

DAY:

## 11. مکمل توازن:

اسلام ہمیں مکمل توازن کا درس دیتا ہے۔ انفرادی اور اجتماعی زندگی میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

"ہم نے تمہیں ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا۔ اور تم میں سے سب سے زیادہ عزت دار وہ ہے۔ جو پرہیزگار ہے۔"
(القرآن)

## 12. فرد اور معاشرے میں مضبوط رابطہ:

اسلام کے ذریعے ہی فرد کا معاشرے میں ایک مضبوط تعلق بنتا ہے۔ اسلام نیکی کی ترغیب دیتا ہے۔ اور بدی سے منع کرتا ہے۔ جس سے ایک فرد کی معاشرے میں اصلاح ہوتی ہے۔

"نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو۔"

## 13. عدل اور مساوات:

اسلام برابری اور انصاف کی طرف رہنمائی کرتا ہے

"بے شک اللہ عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے۔"

## 14- اسلام میں نظام تعلیم:

آپ پر جب وحی نازل ہوئی۔ تو اس میں تعلیم کا حکم دیا گیا ہے۔ سورہ علق کی ابتدائی پانچ آیات میں تعلیم کا حکم دیا گیا ہے۔

**اقراء باسم ربك الذی خلق ○ خلق انسان من علق ○ اقراء وربك اکرم ○ الذی علم بالقلم ○ علم انسان مالم یعلم ○**

**(العلق 1-5)**

"تعلیم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔" **(القرآن)**

## خلاصہ بحث:

الغرض یہ کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اسلام ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں مکمل طور پر راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ دنیا میں اللہ کے بنائے ہوئے احکامات پر عمل کرنا نہ صرف دنیاوی کامیابی ہے۔ بلکہ آخرت میں بھی کامیابی ہے۔